اس کتابچہ کو ہر لحاظ سے اُس کی جیتی جاگتی تصویر کہا جا سکتا ہے۔

حجۃ المصطفٰے | تالیف محب الدین طبریؒ المتوفی ۶۹۴ھ۔ ترجمہ و تلخیص مولانا محمد جیلانی صاحب
صفحات ۶۳۔ ناشر ادارہ المجلس، نور بھائی بلڈنگ بندر روڈ، کراچی۔

ادارہ "المجلس" مفید عربی کتب کو اردو میں منتقل کرنے کا جو کام سرانجام دے رہا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ زیر نظر رسالہ اسی سلسلہ کی ایک نہایت اہم کڑی ہے۔ اس رسالہ کے مصنف ساتویں صدی ہجری کے مشہور محدث اور امام محب الدین الطبری ہیں۔ اس میں انہوں نے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حج مبارک کے واقعات کو مستند اور صحیح احادیث کی روشنی میں مرتب کیا ہے اور اب اسے مولانا محمد جیلانی صاحب نے اردو کے قالب میں ڈھالنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ فاضل مترجم کی نہ صرف زبان شستہ اور رواں ہے۔ بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ انہیں تلخیص کے معاملے میں بھی خاصی مہارت ہے۔ ترجمہ پر نظر ثانی اسلام کے مشہور خادم اور محقق ڈاکٹر حمید اللہ نے فرمائی ہے جو اس کی صحت کی زبردست دلیل کہی جا سکتی ہے۔

کتابت اور طباعت کا معیار بھی عمدہ ہے۔

ماہنامہ حاذق | مدیر: حکیم حبیب اشعر صاحب۔ زر سالانہ چار روپے۔ فی پرچہ: چھ آنے
صفحات: ۴۸۔ مقام اشاعت: ۲ ملیرچ مینشن چوک رنگ محل۔ لاہور

یہ ایک طبی پرچہ ہے جو ملک کے مشہور ادیب اور مترجم حکیم حبیب اشعر صاحب کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ اس پرچے کا اصل مقصد طب یونانی کے متعلق لوگوں کو مفید معلومات فراہم کرنا ہے، لیکن چونکہ اس کے مدیر نہایت ستھرا ادبی ذوق بھی رکھتے ہیں اس لیے اس کی جھلک بھی ہر پرچے میں صاف دکھائی دیتی ہے۔ جو لوگ طب یونانی کو ادبی چاشنی کے ساتھ پڑھنا چاہتے ہیں وہ اس میں اپنے ذوق کی پوری طرح تسکین کر سکتے ہیں۔